**29/04/2025**

**07.40 PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ تجمل احمد سے خبریں سُنئے**

**پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔**

**ہیڈ لائنز**

***....... وزیر اعظم نریندر مو دی نے ملک کے تعلیمی نظام کو21ویں صدی کے تقاضوں کے مطابق جدید بنانے کادُہرایا عزم۔**

***.......وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کا جموں کے تمام علاقوں میں موسم گرما کے دوران لوگوں کےلئے بہترین بنیادی سہولیات دستیاب رکھنے پرزور۔**

***....... وادی کے سیاحتی مقامات کے ساتھ ساتھ دیگر جگہوں پرسکیورٹی کا معقول انتظام// آئی جی پی کشمیر۔**

**اور**

***....... جمونو کشمیر میں مگس بانی کی صنعت کو جدیدیت سے ہمکنار کرانے اور شہد کی پیدا وار بڑھانے کےلئے محکمہ زراعت وعدہ بند۔**

## **PM**

**وزیر اعظم نریندر مو دی نے کہا ہے کہ حکومت ملک کے تعلیمی نظام کو جدید بنا رہی ہے تاکہ21ویں صد ی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔ بھارت منڈپم نئی دلی میں حکومت، صنعت کا کنکلیو سے YUGM ری، تعلیم اور دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والی نمایاں شخصیات کے خطاب کر تے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت عالمی معیار کے علوم تک ہر طالب علم کی رسائی کو ممکن بنا رہی ہے۔**

**نریندر مو دی نے کہا کہ ملک کامستقبل نوجوانوں پر منحصر ہے ۔ اس لئے انہیں جدید تقاضوں سے لیس کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی تعلیمی پالیسی ملک میں مثبت بدلاؤ کا باعث بن رہی ہے۔ انہوں نے کہا ۔**

**اس کنکلیو سے مرکزی وزیر تعلیم اور سائنس و ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے11برسوں کے دوران وزیر اعظم نریندر مو دی کی سربراہی والی سرکار نے اختراعیت کو ترجیح دی ہے۔**

## مودی میٹنگ

وزیر اعظم نریندر مو دی نے آج اپنی رہائشی گاہ پر وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور قومی سلامتی کے مشیر اجیت دووال کے ساتھ ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ چیف آف ڈیفنس سٹاف انیل چوہان اور فوج کی تینوں شاخوں کے سربراہان اس میٹنگ میں موجود تھے۔

## وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں صوبے کے تمام علاقوں میں آنے والے مو سم گرما کے دوران تمام لازمی خدمات کی بلا خلل دستیابی کو یقینی بنانے کےلئے مختلف محکموں کے درمیان بہتر تال میل کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ جموں میں آج ایک جائزہ سے خطاب کر تے ہوئے وزیر اعلیٰ نے مختلف محکموں پر زور دیا کہ وہ گرمی کے ایام میں لوگوں کی راحت رسانی مینکوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ خاص طور سے بجلی اور پانی کی سپلائی کی طرف خصوصی توجہ دی جانی چاہئے۔ میٹنگ میں وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی ، چیف سیکریٹری اٹل ڈلو اور کئی دیگر افسران بھی موجود تھے۔

## اقوام متحدہ

بھارت نے اقوام متحدہ میں پہلگام دہشت گردانہ حملے کا معاملہ پُر زور انداز سے اٹھایا ہے اور ایک پاکستانی وزیر کی جانب سے دہشت گردوں کو تربیت دینے اور سرمایہ فراہم کرنے کی بات قبول کرنے کو اُجاگر کیا ہے۔ پاکستان کے وزیر دفاع خواجہ آصف کے حالیہ ٹیلی ویژن انٹرویو کا حوالہ دیتے ہوئے اقوام متحدہ میں بھارت کی نائب مستقل نمائندہ یوجنا پٹیل نے کہا کہ پوری دنیا نے پاکستان کے وزیر دفاع کے اُس قبول نامے کو سنا ہے کہ دہشت گرد تنظیموں کی مدد کرنا، تربیت دینا اور انہیں سرمایہ فراہم کرنا پاکستان کی تاریخ رہی ہے۔ پٹیل نے کہا کہ اس کھلے اعتراف سے کسی کو بھی حیرت نہیں ہوئی ہے اور عالمی دہشت گردی کو شہ دینے اور خطے کو غیر مستحکم کرنے والے ایک مخاصمانہ ملک کے طور پر پاکستان بے نقاب ہوا ہے۔

## روح اللہ

نیشنل کانفرنس کے ممبر پارلیمنٹ آغا سید روح اللہ مہدی نے کہا ہے کہ مرکزی سرکار کو پہلگام دہشت گردانہ حملے میں مارے گئے معصوم شہریوں کو انصاف دلانا چاہئے۔ تاہم انہوں نے کہا کہ قصورواروں کو تلاش کرنے اور انہیں سزا دلانے کے دوران اس بات کو یقینی بنایا جانا چاہئے کہ معصوم لوگ کسی بھی صورت میں متاثر نہ ہوں۔ میڈیا کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوں نے کہا ۔

## آزاد

ڈیموکریٹک پروگریسو آزاد پارٹی کے صدر غلام نبی آزاد نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کی مذمت کر تے ہوئے کہا ہے کہ پہلی مرتبہ لوگوں نے کھل کر اسطرح کے حملے کی مذمت کی

ہے۔ میڈیا کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کو سمجھ لینا چاہئے کہ کشمیریوں کے دلوں میں اُن کےلئے کوئی ہمدردی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا ۔

**سیاح انتظامات**

**پہلگام میں22اپریل کو ہوئے دہشت گردانہ حملے کے بعد وادی کے سبھی علاقوں میں سیاحوں کےلئے سلامتی کے سخت انتظامات کئے گئے ہیں۔ سیاحتی مقامات، ہوٹلوں ، بازاروں اور دیگر مقامات پر سکیورٹی نظام مستحکم کیاگیا ہے۔ اس تعلق سے کشمیر کے انسپیکٹر جنرل آف پولیس وی کے بردی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔**

**دریں اثناءکئی سیاحوں نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا کہ وہ سلامتی انتظامات سے مطمئن ہیں اور وہ بلا کسی خوف خطر کے یہاں کی خوبصورتی سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔**

**انٹرو**

**کے تحت Beekeeping and Honey Mission محکمہ زراعت جموںو کشمیر میں نیشنل مگس بانوں، کسانوں، طلباءاور بے روزگار نوجوانوں کو سائنسی طریقے پر مگس بانی کی طرف راغب کرنے کےلئے اقدامات کر رہی ہے اور انہیں جدید طرز کے یونٹ قائم کرنے کےلئے80فیصد کی مالی سبسڈی فراہم کی جا تی ہے۔**

**ایک رپورٹ کے ساتھ آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر**

**بریک**

**یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔**

**پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن**

**منشیات**

**نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔**

**جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے درکار اقدامات کے ضمن میں آج جب ہم نے جموں کے ایک صحافی طاہر ندیم خان یوسف ضعی کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا ۔**

**گرفتار**

پولیس نے منشیات کے خلاف کاروائی کو جا ری رکھتے ہوئے آج کلساری پٹن سے کھارنی پورہ ٹنگمرگ کے جہانگیر احمد وانی نامی ایک ڈرگ سمگلر کو کچھ نشیلی اشیاءسمیت گرفتار کیا ہے۔

**پولیس**

پولیس نے آج کرال ٹینگ سوپور میں UAPA کے تحت حزب المجاہدین تنظیم کے پاکستان میں مقیم ایک ہینڈلر کی غیر منقولہ جائیداد کو اٹیچ کر دیا ہے۔

**ACB**

اینٹی کورپشن بیورو نے اُس وقت کے زونل ایجوکیشن آفیسر چندن واڑی بارہمولہ اور اس دفتر میں اُس وقت کے جونیئر اسسٹنٹ کے خلاف گجر بکروال اور پہاڑی طبقے کے طلباءکے خاطر سکالر شپ رقومات میں سے27لاکھ روپے کا خرد برد کرنے کی پاداش میں سپیشل جج اینٹی کورپشن بارہمولہ کی عدالت میں ایک چارج شیٹ داخل کی ہے۔

**بارہمولہ**

بارہمولہ ضلعے میں402پنچایتوں میں سے242 پنچایتوں کوٹی بی سے پاک قرار دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں ڈی سی بارہمولہ منگا شیر پا نے آج ایک تقریب کے دوران ان پنچایتوں کی ہیلپ ٹیموں کو ایوارڈس سے نوازا ۔ ترقیاتی کمشنر نے اس موقعے پر کہا کہ اس سال کے آخر تک پورے ضلعے کو ٹی بی سے پاک قرار دیا جائے گا۔

اس پیش رفت کے بارے میں بارہمولہ کے ڈپٹی کمشنر منگا شیر پا نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

**خراج**

نیشنل کانفرنس کے صدرڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر عمر عبداللہ نے سرکردہ عالم دین سید قاسم شاہ بخاری ؒ کی26ویں برسی پر انہیں خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ پیغام میں انہوں نے مرحوم کی دینی اور ملی خدمات کو اُجاگر کیا۔

جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولانا ریاض احمد ہمدانی نے بھی روحانی بزرگ سید قاسم شاہ بخاری ؒ کی برسی پر انہیں خراج عقیدت ادا کیا ہے۔

**<u>شوکتNC</u>**

**نیشنل کانفرنس کے صوبائی صدر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے آج پارٹی ہیڈ کواٹر پر کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کر تے ہوئے کہا کہ انکی پارٹی جموںو کشمیر میں امن و استحکام کی بحالی کے ساتھ ساتھ تعمیر و ترقی کو یقینی بنانے کےلئے کام کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہکی سربراہی والی حکومت لوگوں کی راحت رسانی کرنے میں کوئی کسر باقی نہیں رکھے گی۔**

**<u>بی جے پی</u>**

**بی جے پی کے کئی لیڈروں نے آج بی جے پی ہیڈ کواٹر تریکوٹہ نگر جموں میں ایک عوامی در بار کا انعقادکیا، جس دوران متعد د وفود اور افراد نے اپنے اپنے علاقوں کے مسائل کو اُجاگر کیا۔ چندر پرکاش گنگا اور پروفیسر گورو راؤ بھگت نے لوگوں کے مسائل غور سے سنے اور انہیں یقین دلایا کہ ان مسائل کو متعلقہ حکام کےساتھ اٹھایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی لوگوں کی بہبود کو یقینی بنانے کےلئے وعدہ بند ہے۔**

**<u>کپواڑہ</u>**

**جل جیون مشن کے مشن ڈائریکٹر خورشید احمد شاہ نے آج ایک میٹنگ کے دوران کپوارہ ضلعے میں عملائے جا رہے جل جیون مشن کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر بتایا گیا کہ ضلعے میں ایک لاکھ29ہزار755کنبوں کو نل کے ذریعے سے پانی فراہم کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ضلعے کے باقی ماندہ کنبوں کو فوری طور سے مشن کے دائرے میں لائیں۔**

**<u>جموںAPS</u>**

**ریزنگ ڈے کے سلسلے میں ینگ پارلیمنٹ AWES آرمی پبلک سکول دمانا جموں میں42ویں کا انعقاد کیا گیا، اس دوران متعدد پروگراموں کا انعقاد ہوا۔ چناب برگریڈ کے برگریڈئیر ووِیک پوری جو سکول کے چیرمین بھی ہیں ۔ اس مو قعے پر مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود تھے۔ بعد میں بہترین کارکردگی دکھانے والے طلباءمیں انعامات تقسیم کئے گئے۔**

**<u>موسم</u>**

**محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔**

**سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30اعشاریہ8ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 9اعشاریہ4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37اعشاریہ6ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت23اعشاریہ8ڈگری سیلسیس تھا۔**

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر43 اور

غروب آفتاب شام7بجکر14منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

.........................................

..............................

................

..........